اداریہ

اللہ رب العزت کا بڑااحسان ہے کہ اس نے ششماہی تحقیقی مجلہ "راحۃ القلوب" کے چوتھے شمارے کے اشاعت کی توفیق عنایت فرمائی۔اس سلسلے میں ایڈیٹوریل، ایڈوائزری اور ریویو بورڈکے تمام اراکین کا بے حد مشکور ہوں جنہوں نے مسلسل اپنے تحقیقی ذوق وشوق اور دلچسپی کی بناء پر درست سمت رہنمائی کے لئے وقت نکالااور مسلسل میری حوصلہ افزائی کرتے رہے ۔

بلوچستان کی سرزمین جواس سے قبل علوم اسلامیہ کے میدان میں تحقیقی مجلہ سے محروم تھی،اور بلوچستان کے محققین خصوصاًایم فل وپی ایچ ڈی سکالرز(جن کے لئے ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے قواعد کے مطابق تحقیقی مقالہ شائع کرنالازمی تھا)کے لئے نیا باب کھلااور اپنے مقالات کی اشاعت کے لئے انہیں جن مشکلات و دشواریوں سے گزرناپڑرہاتھایقیناًاس میں کمی واقع ہوئی ہے۔

اس چوتھے شمارے کے اشاعت کے ساتھ ہی اسے منظوری کے لئے اس امید کے ساتھ ہائیر ایجوکیشن کمیشن کو پیش کیاجارہاہے کہ اس نووارد "راحۃ القلوب" کوبلوچستان کے محققین خصوصاًایم فل وپی ایچ ڈی سکالرزکے مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے اعلیٰ کیٹیگری میں شرف قبولیت بخشیں گے۔

"راحۃ القلوب"میں شائع شدہ تمام مقالات کی منظوری میں نظام احتساب کے تمام تقاضوں کوپورا کرتے ہوئے تحقیقی معیاراورایچ ای سی کے قواعد کے مطابق (Editorial & Peer Review Board) ادارتی ومشاورتی بورڈکے اراکین سے رائے لینے کے بعد شائع کئے گئے ہیں اور آئندہ شائع ہونے والے مقالات کے لئے بھی یہی اسلوب رہے گا۔انشاءاللہ

ڈاکٹرسید باچاآغا
مدیر ششماہی تحقیقی مجلہ "راحۃ القلوب"
پوسٹ بکس نمبر496جی پی او، کوئٹہ
rahatulquloob@gmail.com